رول نمبر: _____

دستخط طالب علم: _____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: عامہ سال اول　　پرچہ: پہلا　　مضمون: دراسۃ القرآن

تاریخ: 12-02-2024　　دن: پیر　　کل وقت: 30 منٹ　　کل نمبر: 25

مرکز امتحان: _____　　دستخط نگران مرکز امتحان: _____　　دستخط مقتش: _____

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: اسراء کا معنی ۔۔۔ ہے۔

(الف) صبح کو جانا　(ب) دوپہر کو جانا　(ج) رات کو جانا　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 2: اسرائیل یہ ۔۔۔ کا لقب ہے۔

(الف) حضرت ایوب علیہ السلام　(ب) حضرت داؤد علیہ السلام　(ج) حضرت یعقوب علیہ السلام　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 3: حضور ﷺ کے معجزۂ معراج میں ۔۔۔ تک کا سفر قرآن مجید سے ثابت ہے۔

(الف) مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ　(ب) مسجد حرام سے آسمانوں　(ج) مسجد حرام سے عرش　(د) مسجد حرام سے سدرۃ المنتہیٰ

سوال نمبر 4: ہم پر ۔۔۔ کے حقوق ادا کرنا لازم ہیں۔

(الف) رشتے داروں　(ب) مسکینوں　(ج) مسافروں　(د) الف، ب اور ج تینوں

سوال نمبر 5: قیامت کے دن کفار اندھے، گونگے اور بہرے ہو کر ۔۔۔ میدان محشر میں آئیں گے۔

(الف) گھٹنوں کے بل گھسٹتے ہوئے　(ب) منہ کے بل گھسٹتے ہوئے　(ج) چلتے ہوئے　(د) گھسٹتے ہوئے

سوال نمبر 6: حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا جو شخص ۔۔۔ کے دن سورۂ کہف پڑھے گا تو آئندہ ۔۔۔ تک اس کے لیے نور کی روشنی ہو گی۔

(الف) پیر　(ب) بدھ　(ج) جمعرات　(د) جمعہ

سوال نمبر 7: جہنمیوں کو پیاس کی شدت میں پگھلے ہوئے تانبے کی طرح کا پانی پلایا جائے گا جو ان کے ۔۔۔ کو جلا دے گا۔

(الف) منہ　(ب) جسم　(ج) الف اور ب دونوں　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 8: قیامت کے دن زمین کو ۔۔۔ بنا دیا جائے گا۔

(الف) میدان　(ب) صحراء　(ج) سمندر　(د) چٹیل میدان

سوال نمبر 9: علم حاصل کرنے کے لئے سفر کرنا ۔۔۔ کی سنّت ہے۔

(الف) حضرت عیسیٰ علیہ السلام　(ب) حضرت موسیٰ علیہ السلام　(ج) حضرت ہارون علیہ السلام　(د) حضرت سلیمان علیہ السلام

سوال نمبر 10: حضرت ذوالقرنین رحمۃ اللہ علیہ ایک عظیم ۔۔۔ تھے۔

(الف) وزیر　(ب) حکمران　(ج) الف اور ب دونوں　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 11: حضرت خضر علیہ السلام نے ۔۔۔ کی دیوار کو درست کیا۔

(الف) کشتی والے　(ب) غریب　(ج) یتیم بچوں　(د) بستی

سوال نمبر 12: حضرت مریم رحمۃ اللہ علیہا ۔۔۔ کی والدہ ماجدہ ہیں۔

(الف) حضرت عیسیٰ علیہ السلام　(ب) حضرت موسیٰ علیہ السلام　(ج) حضرت ہارون علیہ السلام　(د) حضرت یحییٰ علیہ السلام

سوال نمبر13: کوہ طور (طور کے پہاڑ) پر اللہ تعالیٰ سے مناجات کرنے۔۔۔ تشریف لے جاتے تھے۔

(الف) حضرت عیسیٰ علیہ السلام (ب) حضرت موسیٰ علیہ السلام (ج) حضرت ہارون علیہ السلام (د) حضرت یحییٰ علیہ السلام

سوال نمبر14: دعا میں اپنی حاجت عرض کرنے سے پہلے اللہ تعالی کی۔۔۔کا ذکر کرنا چاہیے۔

(الف) نعمت (ب) رحمت (ج) لطف و کرم (د) الف، ب اور ج تینوں

سوال نمبر15: جو شخص اللہ تعالی کے لئے عاجزی اختیار کرتا ہے اللہ تعالی اسے۔۔۔ عطا فرماتا ہے۔

(الف) دولت (ب) علم (ج) صحت (د) بلندی

سوال نمبر16: جو شخص دنیا و آخرت میں ظاہری و باطنی سلامتی چاہتا ہے وہ۔۔۔ سے دور رہے۔

(الف) برے اخلاق (ب) فضول کاموں (ج) فضول گوئی (د) برے ساتھیوں

سوال نمبر17: نیک اعمال کی قبولیت کے لئے۔۔۔ ضروری ہے۔

(الف) اعمال صالحہ (ب) ایمان (ج) اخلاص (د) نیت

سوال نمبر18: غَیّ۔۔۔ کو کہتے ہیں۔

(الف) پہاڑ کی غار (ب) وادی (ج) جہنم کی خوفناک وادی (د) الف اور ب دونوں

سوال نمبر19: کسی کو برائی سے منع کرنے کے لئے جاتے وقت۔۔۔ میں مشغول رہنا چاہیے۔

(الف) اچھی باتوں (ب) نیکی کرنے (ج) صدقہ کرنے (د) ذکر الٰہی

سوال نمبر20: اللہ پاک کے ذکر سے منہ پھیرنے والوں کو بروز قیامت۔۔۔ اٹھایا جائے گا۔

(الف) اندھا (ب) گونگا (ج) بہرہ (د) الف اور ب دونوں

سوال نمبر21: سامری کو اس کے جرم کی دنیا میں۔۔۔ کی سزا ملی۔

(الف) غربت (ب) بیماری (ج) نہ چھونے (د) الف اور ب دونوں

سوال نمبر22: نماز نہ پڑھنے والے اور نفسانی خواہشات کے پیچھے چلنے والے جہنم کی خوفناک وادی۔۔۔ میں ڈالے جائیں گے۔

(الف) سقر (ب) السعیر (ج) الجحیم (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر23: حضرت موسیٰ اور حضرت خضر علیہما السلام کی ملاقات۔۔۔ ہوئی تھی۔

(الف) دو پہاڑوں کے ملنے کی جگہ (ب) دو نہروں کے ملنے کی جگہ (ج) دو سمندروں کے ملنے کی جگہ (د) دو سمندروں کے جدا ہونے کی جگہ

سوال نمبر24: وہ کونسی نماز ہے؟ جو امت پر فرض نہیں لیکن نبی کریم ﷺ پر فرض تھی۔

(الف) اشراق (ب) چاشت (ج) اوابین (د) تہجد

سوال نمبر25: دنیاوی زندگی کو۔۔۔ سے تشبیہ دی گئی ہے۔

(الف) نہر کے پانی (ب) دریا کے پانی (ج) آسمان کے پانی (د) سمندر کے پانی